# 06-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کے اس حکم کے خلاف دائر درخواست پر سماعت سے انکار کر دیا جس کے تحت بلدیاتی اداروں اور پنچایتوں میں پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیے ریزرویشن کا کوٹہ 42 فیصد تک بڑھا دیا گیا ہے۔

۲۔ امریکی دواساز کمپنی ایلی للّی اینڈ کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ آئندہ چند برسوں میں ایک ارب ڈالر (تقریباً 7 ہزار 500 کروڑ روپے) کی سرمایہ کاری ملک میں کرے گی۔

۳۔ ریاستی ریونیو وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ مختلف سرکاری محکموں کو دی گئی زمینات کی مکمل رپورٹ تیار کی جائے۔

اور

۴۔ حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کا ضمنی انتخاب 11 نومبر کو ہوگا۔ حیدرآباد میں فوری طور پر انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ ہو چکا ہے۔

INVESTMENT

امریکی دواساز کمپنی ایلی للّی اینڈ کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ آئندہ چند برسوں میں ایک ارب ڈالر (تقریباً 7 ہزار 500 کروڑ روپے) کی سرمایہ کاری ملک میں کرے گی۔ کمپنی حیدرآباد میں نئی مینوفیکچرنگ اور کوالٹی فیسلٹی (معیار کی جانچ و تیاری کا مرکز) قائم کرے گی۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ اس سرمایہ کاری سے اس کی پیداواری اور سپلائی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ ایلی للّی کے صدر پیٹرک جانسن نے کہا کہ یہ منصوبہ کمپنی کے عالمی نیٹ ورک میں ملک کے بڑھتے ہوئے کردار پر اعتماد کی علامت ہے۔ کمپنی کے مطابق حیدرآباد میں بننے والا نیا مرکز تکنیکی مہارت اور جدید مینوفیکچرنگ کا اہم مرکز ہوگا،

جہاں انجینئروں، کیمسٹس، سائنٹسٹس اور مینجمنٹ کے ماہرین کے لیے بھرتیاں فوری طور پر شروع ہوں گی۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ایلی للّی کی حیدرآباد میں توسیع اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست جدید طبی سرمایہ کاری کے لیے پسندیدہ مقام بن چکی ہے۔ صنعتی وزیر ڈی شری دھر بابو نے کہا کہ یہ توسیع تلنگانہ کے صنعتی ترقی کے شاندار رجحان اور صحت کے شعبے میں عالمی اثر ورسوخ کی نشاندہی کرتی ہے۔

PONGULETI:

ریاستی ریونیو وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ پچھلے 30 برسوں میں مختلف سرکاری محکموں کو دی گئی زمینات کی مکمل رپورٹ تیار کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں آبپاشی اور جنگلاتی محکموں کو ہزاروں ایکڑ زمین مختلف منصوبوں کے لیے الاٹ کی گئی تھی، لیکن ریاست کی تقسیم کے بعد کئی منصوبے یا تو تبدیل کر دیے گئے یا منسوخ ہو گئے۔ وزیر نے محکمہ ریونیو اور جنگلات کو ہدایت دی کہ وہ مل کر پچھلے 30 سال کی زمین الاٹمنٹ کی تفصیلات جمع کریں۔ یہ عمل تیزی سے مکمل کیا جائے تاکہ کھمم ضلع میں سیتارام لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کے لیے 1138 ایکڑ جنگلاتی زمین کی الاٹمنٹ کو حتمی شکل دی جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کیسو پورم ڈرنکنگ واٹر اسکیم کے لیے دی گئی 1030 ایکڑ زمین جواب منسوخ ہو چکی ہے کو سیتارام پروجیکٹ میں منتقل کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا جائے۔

TPCC:

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے سپریم کورٹ کی جانب سے پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کے خلاف داخل کردہ درخواست کو مسترد کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے سماجی انصاف کیلئے لڑائی میں اسے ایک مثبت پیشرفت قرار دیا۔ مہیش کمار نے ایک بیان میں کہا کہ کانگریس پارٹی اور ریاستی حکومت ہر ممکن طریقہ سے یہ تحفظات نافذ کرنے کو یقینی بنائے گی۔ حکومت نے اس سلسلہ میں تین قوانین لاتے ہوئے اقدامات شروع کر دئے ہیں۔

WEATHER:

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے اضلاع کوتہ گوڑم، جگتیال، میدک، نلگنڈہ، نرمل اور سنگاریڈی میں کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر بوندہ باندی کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ تلنگانہ بھر میں جنوب مغربی مانسون سرگرم رہا ہے جبکہ اسی مدت کے دوران ریاست کے کئی مقامات پر بارش ہوئی۔

SC:

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کے اس حکم کے خلاف دائر درخواست پر سماعت سے انکار کردیا جس کے تحت بلدیاتی اداروں اور پنچایتوں میں پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیے ریزرویشن کا کوٹہ 42 فیصد تک بڑھا دیا گیا ہے۔ اس اضافے کے بعد مقامی اداروں میں کل ریزرویشن 67 فیصد ہو گیا ہے۔جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل بنچ نے کسان ونگا گوپال ریڈی کو اپنی درخواست واپس لینے کی اجازت دے دی۔ درخواست میں کہا گیا تھا کہ حکومت کا یہ حکم دستور کے آرٹیکل 14، 243D اور 243T کی خلاف ورزی کرتا ہے اور غیر دستوری وغیر قانونی ہے۔درخواست گزار کا موقف تھا کہ حکومت کا فیصلہ سپریم کورٹ کے سابقہ فیصلوں میں طے کردہ 50 فیصد کی حد کے خلاف ہے۔ سماعت کے دوران جسٹس ناتھ نے درخواست گزار سے پوچھا کہ اس نے براہِ راست آرٹیکل 32 کے تحت سپریم کورٹ سے رجوع کیوں کیا جبکہ یہ معاملہ ہائی کورٹ میں بھی زیرِ سماعت ہے۔وکیل نے وضاحت کی کہ یہ معاملہ 8 اکتوبر کو ہائی کورٹ میں درج ہے مگر وہاں اسٹے نہیں دیا گیا تھا، اسی لیے سپریم کورٹ سے رجوع کیا گیا۔ بنچ نے درخواست خارج کرنے کا عندیہ دیا تو وکیل نے درخواست واپس لینے کی اجازت مانگی، جو عدالت نے منظور کرلی۔

COUGH SYRUP

ڈائرکٹریٹ برائے صحت عامہ اور خاندانی بہبود نے ڈائرکٹریٹ جنرل ہیلتھ سائنسس ، مرکزی وزارتِ صحت و خاندانی بہبود کی ہدایات کے مطابق اڈوائزری جاری کرتے ہوئے بچوں کی کھانسی کی سیریپ استعمال نہ کرنے پر زور دیا ہے۔ یہ فیصلہ ایسے وقت کیا گیا ہے جب مدھیہ پردیش اور راجستھان میں کھانسی کے شربتوں کو پینے سے بچوں کی اموات ہوئیں۔ ریاستی ڈرگس کنٹرول ایڈمنسٹریشن نے ایک عوامی الرٹ جاری کرتے ہوئے عوام پر زور دیا ہے کہ ٹاملناڈو کے ضلع کانچی پورم میں تیار کردہ Coldrif Syrup کو استعمال نہ کیا جائے۔

BY-ELECTIONS:

حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کا ضمنی انتخاب 11 نومبر کو ہوگا جبکہ ووٹوں کی گنتی 14 نومبر کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے آج یہ بات بتائی۔ حلقہ جوبلی ہلز میں جملہ ووٹرس کی تعداد 3.99 لاکھ ہے جن میں 2 لاکھ سے زیادہ مرد ووٹرس اور 1.91 لاکھ سے زائد خاتون ووٹرس ہیں جبکہ 25 ٹرانس جنڈرس کے ووٹس ہیں۔ بی آر ایس کے ایم ایل اے گوپی ناتھ کی رواں برس جون میں ہوئی موت کے بعد اس حلقہ میں ضمنی انتخاب ضروری ہوگیا تھا۔ اسی دوران کانگریس پارٹی نے جوبلی ہلز کے لئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے جبکہ چار امیدواروں کے ناموں کو تخفیف شدہ فہرست میں شامل کیا گیا ہے جن میں نوین یادو، سابق میئر رام موہن، سابق ایم پی انجن کمار یادو اور سی این ریڈی شامل ہیں۔ ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے کسی امیدوار کو منتخب کرنے کے لئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے جبکہ بی آر ایس کی جانب سے پہلے ہی گوپی ناتھ کی اہلیہ کو امیدوار نامزد کیا جا چکا ہے۔

JAL SHAKTI:

پینے کے پانی اور حفظانِ صحت کے محکمہ نے آج ایک یادداشتِ مفاہمت پر دستخط کئے تاکہ ڈیجیٹل ایکوسسٹم کو بہتر بنایا جاسکے جس سے دیہی سطح پر پانی اور حفظانِ صحت کی خدمات پر نظر رکھی جاسکے۔ محکمہ نے نئی دہلی میں بھاسکر آچاریہ نیشنل انسٹیٹیوٹ اسپیس اپلی کیشنز اینڈ جی او انفارمیٹکس کے ساتھ یہ معاہدہ کیا ہے۔ وزارت کے مطابق اس معاہدہ سے جل جیون مشن اور سوچھ بھارت مشن کو فائدہ پہنچے گا۔

NIRDPR:

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف رورل ڈیولپمنٹ اینڈ پنچایت راج (NIRDPR) نے نیتی آیوگ کے ساتھ اشتراک کے ذریعہ آج حیدرآباد میں ایک ریفریشر ٹریننگ پروگرام شروع کیا ہے۔ یہ پروگرام اے بی پی کے تحت شروع کیا گیا۔ این آئی آر ڈی پی آر کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر نریندر کمار نے افتتاحی سیشن کا رسمی افتتاح کیا جبکہ ایڈیشنل مشن ڈائرکٹر نیتی آیوگ آنند شیکھر نے خطاب کیا۔

AMNDAVIYA

نوجوانوں کے اموراوراسپورٹس کے مرکزی وزیرڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دہلی میں سردارولبھائی پٹیل کی 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر Sardar@150 یونٹی مارچ کا آغاز کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ مارچ ایک قومی تحریک ہوگا جس کے ذریعہ نوجوانوں کو ملک کی تعمیر کیلئے آگے لایا جائے گا اور اس سلسلہ میں وکست اور آتمانربھر بھارت کے نظریہ کو تقویت ملے گی۔

OO